**شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان**

**36-کے، ماڈل ٹائون لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org**

06 جنوری 2023ء

# پریس ریلیز

## اسرائیلی وزیر کا مسجد اقصیٰ کا دورہ انتہائی اشتعال انگیز ہے۔ (شجاع الدین شیخ)

**لاہور (پ ر):** اسرائیلی وزیر کا مسجد اقصیٰ کا دورہ انتہائی اشتعال انگیز ہے۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے قرآن اکیڈمی لاہور میں خطاب جمعہ کے دوران کہی۔ اُنہوں نے کہا کہ ناجائز صہیونی ریاست کے ایک اہم وزیر کا لاؤ لشکر سمیت مسجد اقصیٰ کا دورہ کرنا اس بات کی طرف واضح اشارہ ہے کہ اسرائیل ارض مقدسہ کے حوالے سے اپنے ناپاک عزائم کو پورا کرنے کی حتمی تیاریاں کر رہا ہے۔ نیتن یاہو کی سرکردگی میں نئی کٹر صیہونی حکومت کے قیام کے ساتھ ہی فلسطینی مسلمانوں کے گھروں کو مسمار کر کے غیر قانونی یہودی آبادکاریاں بنانے کا سلسلہ بڑھادیا گیا ہے۔ قابض صیہونی فوج نے الخلیل میں واقع مسجد ابراہیم کو مسلمانوں پر بند کر دیا ہے۔ مقبوضہ فلسطین میں مسلمان مردوں، عورتوں اور بچوں کو شہید کر دینا معمول بن چکا ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ اگرچہ اسرائیل کے ان وحشیانہ اقدامات پر متحدہ عرب امارات اور چین نے سلامتی کونسل کا اجلاس بلانے کا مطالبہ کیا ہے اور حکومتِ پاکستان نے بھی اس کی مذمت کی ہے لیکن زمینی حقائق بتاتے ہیں کہ محض زبانی جمع خرچ سے فائدے کی بجائے نقصان ہو رہا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ صیہونیوں کا اصل ہدف واضح ہے کہ وہ گریٹر اسرائیل کے قیام کے لیے عربوں کے مزید علاقے ہتھیانا چاہتے ہیں۔ اُنہوں نے کہا کہ اگر اس صورتِ حال میں بھی مسلمان ممالک متحد ہو کر فلسطین کے دفاع میں عملی طور پر میدان میں نہیں اترتے تو اُن کے لیے زمین کا پیٹ زمین کی پیٹھ سے بہتر ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ مسلمان ممالک ایک وحدت کی صورت اختیار کر کے صحیح معنوں میں ایک متحرک امتِ مسلمہ کو وجود میں لائیں تاکہ اسرائیلی جارحیت کے سامنے آہنی دیوار بن سکیں۔

**جاری کردہ**

ایوب بیگ مرزا

مرکزی ناظم نشرواشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان

# TANZEEM-E-ISLAMI

**PRESS RELEASE: Friday 06 January 2022**

## “The visit of an Israeli minister to the Masjid Al-Aqsa is extremely provocative.”

**(Shujauddin Shaikh)**

**Lahore (PR): “The visit of an Israeli minister to the Masjid Al-Aqsa is extremely provocative.”**

This was said by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh**, during the Khitab-e-Jumu’ah at Qur’an Academy Lahore. He said that the visit of the security minister of the illegitimate Zionist state of Israel, accompanied by a security entourage, to the Masjid Al-Aqsa gives a clear indication that Israel is finalizing its nefarious designs regarding the Holy Land. The new hardline Zionist government led by Netanyahu has started a rapid surge in the construction of illegal Jewish settlements by destroying the houses of Palestinian Muslims. The Masjid Ibrahim located in Al-Khalil has been closed for Muslim worshippers. The martyrdom of Muslim men, women and children has become a routine in Occupied Palestine. The Ameer said that although UAE and China have demanded for an urgent session of the UN Security Council on the issue and Pakistan, too, has condemned the latest Israeli atrocities, the fact remains that mere lip service on the matter is doing more harm than good. The truth is that the Zionists want to annex more Arab lands as part of their actual plan, which is to create a Greater Israel. He lamented that if the Muslim states do not unite even now to take practical actions to protect and defend Palestine, then they would be better off being six feet under! The Ameer concluded by asserting that Muslim states must unite to form a dynamic Muslim Ummah so that they could become an impenetrable wall to defend against the Israeli hostilities.

**Issued by**
**Ayub Baig Mirza**
**Markazi Nazim of Press and Publications Section**
**Tanzeem-e-Islami, Pakistan**